بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و دعا

سکندر نواز

مانگوں تری پناہ میں اے رب کائنات
بیٹھا ہے میری راہ میں شیطان لگائے گھات

کرتا ہوں میں شروع ترے نام سے کلام
تو مہرباں بھی ہے رحیم اور تو سلام

تعریفیں سب ہیں واسطے تیرے مرے خدا
پروردگار ہے تو ہی سارے جہان کا

رحمان اور رحیم ہے بس ایک تُو ہی تو
مختارِ کل ہے معرکہ حشر کا بھی تو

شیطان کے فریب سے ہم کو بچا بھی تو
اور اپنی سیدھی راہ پہ ہم کو چلا بھی تو

وہ رستہ جو تیرے کرم کا سبب ہوا
ان کا نہ ہو کہ جن پہ تھا تیرا غضب ہوا

راستہ نہیں مطلوب جو بھٹکے ہوؤں کا ہو
منظور یہ دعا بھی تری بارگاہ میں ہو

............☆☆☆............